**25.06.2026**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ............. محمد عمار

**Music**

--------------------------------

☆ تجارت اور صنعت کے مرکزی وزیر پیوش گوئل نے کہا ہے کہ بھارت–برطانیہ آزاد تجارتی معاہدہ، اب تک کا سب سے جامع معاہدہ ہے۔

☆ وینزویلا میں آنے والے تباہ کن زلزلے میں ہلاکتوں کی تعداد بڑھ کر 164 ہو گئی ہے۔ وزیرِ اعظم نریندر مودی نے تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے بچاؤ اور امدادی کارروائیوں میں تعاون کی پیشکش کی ہے۔

☆ رام مندر عطیات میں خرد برد کے معاملے میں اترپردیش SIT کی ابتدائی رپورٹ کی سفارش کے بعد FIR درج کر لی گئی ہے۔

☆ یکم جولائی سے 36 صفحات والے نئے پاسپورٹ یا پاسپورٹ کی تجدید کی فیس بڑھا کر ڈھائی ہزار روپے کر دی گئی ہے۔ اسی طرح تتکال فیس اب پانچ ہزار روپے ہوگی۔

☆ بھارت 28 جون سے بنگلہ دیش کے شہریوں کیلئے سیاحتی ویزا جاری کرنے کا عمل دوبارہ شروع کرے گا۔

☆ فیفا ورلڈ کپ میں آج رات Philadelphia میں گروپ۔E کے ایک میچ میں Curacao کا مقابلہ Ivory کوسٹ سے ہوگا۔

--------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

***Goyal FTA UK***

تجارت اور صنعت کے مرکزی وزیر پیوش گوئل نے کہا ہے کہ بھارت–برطانیہ جامع اقتصادی و تجارتی معاہدہ CETA، عالمی معیشت کو تقویت دینے میں اہم رول ادا کرے گا۔

آج لندن میں انڈیا گلوبل فورم IGF یو کے۔انڈیا ویک سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ برطانیہ کے ساتھ آزاد تجارتی معاہدہ FTA بھارت کی جانب سے اب تک کیے گئے معاہدوں میں سب سے جامع معاہدہ ہے۔ جناب پیوش گوئل، 15 جولائی سے بھارت–برطانیہ جامع اقتصادی و تجارتی معاہدے کے نفاذ کے لیے دونوں ممالک کی تیاریوں کا جائزہ لینے کیلئے تین روزہ دورے پر برطانیہ پہنچے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ سمجھوتہ دونوں ملکوں کو عالمی ویلیو چینز سے مزید جوڑے گا اور اقتصادی تعاون اور ترقی کے نئے مواقع فراہم کرے گا۔

**S/B: Piyush Goyal**

وزیر موصوف نے مزید کہا کہ دونوں ممالک دفاع، اہم معدنیات اور دیگر کلیدی شعبوں میں تعاون کو مسلسل بڑھا رہے ہیں۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ بھارت اور برطانیہ، دہشت گردی کے خاتمے اور عالمی امن، استحکام اور خوشحالی کے فروغ کی خاطر مشترکہ عزم رکھتے ہیں۔ x

## PM Amazon CEO

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج بھارت میں Amazon کی 48ارب ڈالر کی ریکارڈ سرمایہ کاری کا خیرمقدم کیا ہے۔ وزیر اعظم نے نئی دلّی میں Amazon کے سی ای او Andy Jassy سے ملاقات کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر وزیر اعظم نے کہا کہ یہ سرمایہ کاری نوجوانوں کیلئے نئے مواقع فراہم کرے گی۔ انھوں نے مزید کہا کہ یہ دنیا بھر میں بھارت میں سرمایہ کاری کیلئے بڑھتی ہوئی دلچسپی کی عکاس ہے۔ میڈیا سے بات کرتے ہوئے اینڈی جیسی نے کہا کہ وہ وزیر اعظم مودی کے 'وکست بھارت' اور 'آتم نربھر بھارت' کے نظریے سے کافی متاثر ہیں۔ انھوں نے بھارت کی ترقی کے سفر میں ایک طویل مدتی ساجھیدار بننے کا عزم ظاہر کیا۔x

## Venezuela Earthquake

وینزویلا کی کارگزار صدر Delcy Rodríguez نے آج کہا کہ ملک میں آنے والے دو طاقتور زلزلے میں 164افراد ہلاک اور 971زخمی ہو گئے ہیں۔ اس سے قبل انہوں نے کہا تھا کہ کل رات سات اعشاریہ دو اور سات اعشاریہ پانچ شدت کے زلزلے کے بعد کم سے کم 32افراد کی ہلاک ہونے کی تصدیق ہوئی تھی، تاہم ہلاکتوں میں مزید اضافے کا خدشہ تھا۔ یہ زلزلے گزشتہ ایک صدی میں وینزویلا میں آنے والے سب سے طاقتور زلزلوں میں شمار کیے جا رہے ہیں، جس کے جھٹکے پورے خطے میں محسوس کیے گئے۔ کئی عمارتوں کو خالی کرا لیا گیا، جبکہ زلزلے کے اثرات Brazil کے ایمیزون علاقے تک محسوس کیے گئے، جو وینزویلا کی راجدھانی Caracas سے تقریباً 17سو کلومیٹر دور ہے۔ اِس دوران وینزویلا کی صدر نے زلزلے کے بعد بھارت کی جانب سے اظہارِ یکجہتی کی ستائش کرتے کہا کہ یہ مشکل وقت میں دونوں ممالک کے عوام کے درمیان تعاون اور دوستی کے جذبے کی عکاسی کرتا ہے۔ انہوں نے وزیر اعظم نریندر مودی کے تعزیتی پیغام اور امدادی سرگرمیوں میں تعاون کی پیشکش کا بھی خیرمقدم کیا۔ x

## EAM Korea

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا کہ دنیا، زیادہ بڑے پیمانے پر ہتھیاروں کی تیاری اور ذخیرہ اندوزی، زیادہ خطرات مول لینے اور سوشل میڈیا کے دَور کی مناسبت سے کی جانے والی سیاست کا مشاہدہ کر رہی ہے۔

جنوبی کوریا میں امن اور خوشحالی کیلئے JEJU فورم 2026 سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ اختلافات پر زور دینے کے رجحان میں اضافہ ہوا ہے اور انھوں نے یہ بھی کہا کہ ٹیکنالوجی کی ترقی سے اپنے آپ میں ایسی امتیازی خصوصیات کی حوصلہ افزائی ہوتی ہے۔ وزیر موصوف نے کہا کہ کووڈ–19، دہشت گردانہ واقعات یا انتہائی موسمیاتی واقعات جیسے چیلنجوں سے نمٹنے کی غرض سے، بین الاقوامی تعاون اور اشتراک کی ضرورت ہے۔x

## FIR Ayodhya

اترپردیش حکومت نے، ایودھیا میں رام مند عطیات میں مبینہ خردبرد سے متعلق کیس کے سلسلے میں، کارروائی کرتے ہوئے تین افراد کو گرفتار کیا۔ لکھنؤ زون کے ADG پروین کمار نے آکاشوانی کو بتایا کہ تین افراد گرفتار کئے گئے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ شری رام جنم بھومی تیرتھ Kshetra ٹرسٹ کے ایک رکن کرشن موہن کی جانب سے ایک شکایت درج کرانے کے بعد، ایک FIR درج کی گئی ہے۔ FIR میں کُل آٹھ افراد کو نامزد کیا گیا ہے، حالانکہ اِن میں کوئی بڑا یا نمایاں نام شامل نہیں ہے۔ 6ملزم مبینہ طور پر Cashier بتائے جاتے ہیں۔ یہ کارروائی ایک خصوصی تحقیقاتی ٹیم SIT کی جانب سے اپنی رپورٹ پیش کئے جانے کے بعد کی گئی ہے۔ یہ چھان بین رام مندر کو ملے عطیات کے معاملے میں مبینہ بے ضابطگیوں سے متعلق کی گئی ہے۔

## Puri Iran Ministers Meeting

پیٹرولیم اور قدرتی گیس کے وزیر ہردیپ سنگھ پوری نے آج ہریانہ کے شہر گروگرام میں برکس کے توانائی کے وزیروں کی میٹنگ کے موقع پر، ایران کے پیٹرولیم کے وزیر محسن PAKNEJAD سے ملاقات کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب پوری نے کہا کہ میٹنگ کے دوران، دونوں لیڈروں نے توانائی کے شعبے میں تعاون کیلئے مواقع کے بارے میں غور و خوض کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ بھارت، مذاکرات، ساجھے داری اور باہمی طور پر مفید روابط کے ذریعہ توانائی کی یقینی فراہمی میں اضافے کیلئے عہدبند ہے۔×

## Bricks Ministers Meeting

بھارت نے آج، برکس 2026 کی اپنی صدارت کے تحت، ہریانہ کے شہر گروگرام میں برکس کے توانائی کے وزیروں کی 11ویں میٹنگ کی میزبانی کی۔ بجلی کی وزارت نے کہا ہے کہ اس میٹنگ میں برکس رکن ملکوں کے توانائی کے وزراء، نائب وزراء اور سرکردہ عہدیداروں نے ایک جگہ جمع ہوکر توانائی سے متعلق کلیدی عالمی چیلنجوں اور توانائی کے شعبے میں اشتراک کو مستحکم بنانے کے بارے میں تبادلۂ خیال کیا۔ وزارت نے یہ بھی بتایا کہ میٹنگ میں برکس کے توانائی کے وزیروں کے 11ویں مشترکہ اعلامیہ کو منظوری دی گئی، جس میں توانائی کی یقینی فراہمی، پائیداریت، اختراع، لچکدار بنیادی ڈھانچہ اور صلاحیت سازی سے متعلق شعبوں میں تعاون کی توثیق کی گئی۔ میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے، بجلی کے مرکزی وزیر منوہرلال نے کہا کہ توانائی، اقتصادی نمو، سماجی ترقی اور انسانی نشونما کیلئے بنیادی حیثیت رکھتی ہے۔×

## MEA Passport

حکومت نے پاسپورٹ کیلئے درخواست فیس میں اضافہ کر دیا ہے۔ اب 36صفحات پر مشتمل نئے پاسپورٹ یا پاسپورٹ کی تجدید کی فیس ڈھائی ہزار روپے ہوگی۔ پاسپورٹ (ترمیمی) ضوابط 2026 کا اطلاق یکم جولائی سے ہوگا۔
وزارتِ خارجہ کے مطابق نئی فیس کے تحت Tatkal اسکیم کے تحت نئے پاسپورٹ یا پاسپورٹ کی تجدید کیلئے

5ہزار روپے وصول کیے جائیں گے۔ 60صفحات پر مشتمل عام پاسپورٹ یا اس کی تجدید کی فیس ساڑھے تین ہزار روپے مقرر کی گئی ہے، جبکہ تتکال کے تحت اس کی فیس 6ہزار روپے ہوگی۔

واضح رہے کہ اس وقت 36صفحات والے پاسپورٹ کی فیس پندرہ سو روپے اور 60صفحات والے پاسپورٹ کی فیس دو ہزار روپے ہے۔

اگر 36صفحات والا پاسپورٹ گم یا خراب ہو جاتا ہے تو اس کے بدلے نیا عام پاسپورٹ حاصل کرنے کے لیے 5ہزار روپے ادا کرنے ہوں گے۔ اسی طرح 60صفحات والے گم شدہ یا خراب پاسپورٹ کے بدلے نیا پاسپورٹ حاصل کرنے کی فیس 6ہزار روپے ہوگی۔ x

## ***ASHWANI VAISHNAW MEETING***

ریلوے کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے آج ریلوے کے سینئر افسران کے ساتھ ایک جائزہ میٹنگ کی، جس میں بھارتی ریلوے کو مختلف اقسام کی اشیاء کی مال برداری کے لیے سب سے پسندیدہ ذریعہ بنانے کیلئے مجوزہ اصلاحات پر تبادلۂ خیال کیا گیا۔اجلاس میں اِس بات پر بھی زور دیا گیا کہ حال ہی میں سیمنٹ اور نمک جیسی اشیاء کی ترسیل کیلئے تیار کیے گئے خصوصی ویگنوں کی کامیابی نے اِس اہمیت کو واضح کیا ہے کہ ویگنوں کا ڈیزائن صنعت کی عملی ضروریات کے مطابق ہونا چاہیے۔مخصوص اشیاء کیلئے تیار کردہ ویگنوں نے سامان کی لوڈنگ، اَن لوڈنگ اور نقل و حمل کی کارکردگی میں بہتری پیدا کی ہے، جس کے نتیجے میں ریل کے ذریعے ملا برداری کا نظام مزید مؤثر اور پرکشش ہوا ہے۔جناب ویشنو نے کہا کہ ڈیزائن کی منظوری اور ابتدائی نمونے کی تیاری کیلئے سخت معیارات اپنانے سے بھارت میں اعلیٰ ترین معیار کے ویگنوں کی تیاری یقینی بنائی جا سکے گی۔x

## ***DRDO AEW&C System***

دفاع کے شعبے میں خود کفالت کی سمت ایک اہم سنگِ میل حاصل کرتے ہوئے، دفاعی تحقیق و ترقی کے ادارے DRDO نے ملک میں ہی تیار کردہ Netra قبل از وقت فضائی وارننگ اور کنٹرول AEW&C نظام کیلئے حتمی آپریشنل منظوری FOC حاصل کر لی ہے۔FOC سرٹیفکیٹ آج بینگلورو میں منعقدہ ایک شاندار تقریب کے دوران بھارتی فضائیہ کے حوالے کیا گیا، جس سے ملک کی فضائی نگرانی اور نیٹ ورک پر مبنی جنگی صلاحیتوں میں نمایاں اضافہ ہوگا۔ اس تقریب کے مہمانِ خصوصی کے طور پر شرکت کرتے ہوئے بھارتی فضائیہ کے نائب سربراہ ایئر مارشل اودھیش کمار بھارتی نے ملک میں ہی تیار کردہ اِس نظام کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ اس نے بالاکوٹ کارروائی اور آپریشن سندور جیسے اہم مشنوں میں اپنی قابلِ اعتماد کارکردگی کو ثابت کر دیا ہے۔ x

## ***Bangladesh Dinesh Trivedi***

بنگلہ دیش میں بھارت کے نئے تقرر کردہ ہائی کمشنر دنیش ترویدی نے آج ڈھاکہ میں واقع Bangabhaban میں بنگلہ دیش کے صدر محمد شہاب الدین کو اپنی سفارتی اسناد پیش کرنے کے بعد باضابطہ طور

پر اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیا۔ صدارتی محل میں اسناد پیش کرنے کی تقریب کے بعد دنیش ترویدی نے ڈھاکہ میں بھارتی ویزا درخواست مرکز IVAC کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے مرکز کے کام کاج کا جائزہ لیا اور حکام سے ملاقات کی۔اِس مرکز میں ویزا درخواست گزاروں کی بڑی تعداد پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے ہائی کمشنر نے بنگلہ دیش کے شہریوں کے لیے معمول کی ویزا خدمات دوبارہ شروع کرنے کا اعلان کیا۔ انہوں نے کہا کہ سیاحتی ویزا کے لیے درخواستیں اس ماہ کی 28 تاریخ سے قبول کی جائیں گی۔x

## *Samvidhan Hatya Diwas*

آج Samvidhan Hatya دوس منایا جا رہا ہے۔ یہ دِن اُس وقت کی یاد دلاتا ہے، جب بھارت کے آئین کو 25 جون 1975 کو پامال کیا گیا تھا۔ یہ ہر اس شخص کو خراجِ عقیدت پیش کرنے کا دن ہے، جس نے ایمرجنسی کی زیادتوں کی وجہ سے مصیبتیں جھیلی تھیں۔

نائب صدر سی پی رادھا کرشنن، وزیر اعظم نریندر مودی اور وزیر داخلہ امت شاہ نے آج ان سبھی کو خراج عقیدت پیش کیا ہے، جو ایمرجنسی کے دوران جمہوری اقدار کے دفاع میں ثابت قدم رہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعظم مودی نے کہا کہ ایمرجنسی آئین پر براہِ راست ایک حملہ تھا۔ انھوں نے کہا کہ اس دوران سِول آزادیوں کو معطل کر دیا گیا تھا۔ اظہارِ رائے کی آزادی کو ختم کر دیا گیا تھا اور سیاسی رہنماؤں، صحافیوں اور سماجی کارکنوں کو حراست میں لے لیا گیا تھا۔

## *J&K Zero Tolerance Policy*

جموں وکشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے زور دے کر کہا کہ شری امرناتھ جی یاترا 2026 کے انعقاد کے دوران کسی بھی آپریشنل کوتاہی کے خلاف بالکل بھی برداشت نہ کرنے کی پالیسی ہونی چاہیئے۔ وہ آج اننت ناگ ضلع کے پہلگام میں ایک اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے تھے۔ جس میں سالانہ یاترا کی تیاریوں کا جائزہ لیا گیا۔ لیفٹیننٹ گورنر نے حفاظتی، آفات سے نمٹنے کے انتظامات دیگر اہم اقدامات کیلئے ایک جامع اور مربوط منصوبہ بندی کا طریقہ کار اپنانے پر زور دیا تاکہ عقیدتمندوں کیلئے ایک محفوظ اور یادگار یاترا کو یقینی بنایا جاسکے۔x

## *IMD WEATHER*

بھارتی محکمہ موسمیات IMD نے کہا ہے کہ گجرات، مدھیہ پردیش، چھتیس گڑھ، جھارکھنڈ، بہار، اترپریش اور اتراکھنڈ کے مختلف علاقوں میں آئندہ تین سے چار دِنوں کے دوران جنوب مغربی مانسون کے مزید آگے بڑھنے کیلئے حالات سازگار ہیں۔

بھارتی محکمہ موسمیات نے اگلے چار دنوں کیلئے ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال اور سکّم میں کہیں شدید اور کہیں بہت شدید بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ بھارتی محکمہ موسمیات کے مطابق، بہار، آندھرا پردیش، ساحلی کرناٹک، کونکن، گوا، مدھیہ مہاراشٹر، تلنگانہ اور شمال مشرقی ریاستوں میں کل موسلادھار بارش ہونے کا امکان ہے۔×

## FIFA WORLD CUP

فیفا ورلڈ کپ میں، آج دیر رات امریکہ کے شہر Philadelphia میں گروپ E کے ایک میچ میں CURACAO کا مقابلہ آئیوری کوسٹ سے ہوگا۔

گروپ E کے ایک دیگر میچ میں، امریکہ میں East Rutherford کے مقام پر جرمنی اور Ecuador آمنے سامنے ہوں گے۔ یہ دونوں میچ بھارتی وقت کے مطابق دیر رات ڈیڑھ بجے شروع ہونگے۔

بعد میں کل صبح سویرے، امریکہ کے شہر ARLINGTON میں گروپ F کے ایک میچ میں جاپان کا مقابلہ سویڈن سے ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق کل صبح سویرے چار بجکر 30منٹ پر شروع ہوگا۔ اِس سے پہلے، آج صبح MONTERREY کے مقام پر جنوبی افریقہ نے جنوبی کوریا پر ایک صفر سے جیت درج کی۔×

## CRICKET TEST STUMPS

مردوں کے کرکٹ میں Galle International Stadium میں، بھارت A نے میزبان سری لنکا A کے خلاف پہلے ٹیسٹ میچ کے پہلے دن اپنی پہلی اننگز میں چار وکٹوں کے نقصان پر 333رنز بنا لیے ہیں۔ کپتان Dhruv Jurel 68رنز اور شیخ رشید 53رنز بنا کر دِن کا کھیل ختم ہونے تک کریز پر موجود تھے۔ اس سے قبل بھارت A نے ٹاس جیت کر پہلے بلے بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ بھارت A اس میدان میں دو چار روزہ ٹیسٹ میچ کھیلے گا۔ Dhruv Jurel کو بھارت A کی قیادت سونپی گئی ہے۔ انہون نے حال ہی میں IPL میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنی ٹیم کے لئے 515رنز بنائے تھے۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆